ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

"آئی جی سندھ کا بڑا اقدام"

کراچی 14 فروری 2020ء:۔

جرائم اور بالخصوص کچے کے علاقے میں ڈاکوؤں کیخلاف کامیاب کاروائیوں کے لیئے آف روڈ بکتر بند گاڑیاں تیار کرلی گئیں۔ آف روڈ بکتر بند گاڑیاں باقاعدہ مرمت کے بعد آن روڈ/ قابلِ استعمال کردی گئیں۔ 46 خراب اے پی سیز کی جنرل اوور ہالنگ کے لیئے آئی جی سندھ نے ڈی آئی جی ٹی اینڈ ٹی کو خصوصی ہدایات دیں۔

ایم ٹی ورکشاپ سندھ نے محکمہ پولیس کے مختلف شعبہ جات/ رینج میں کھڑی 46 خراب/ آف روڈ بکتر بند گاڑیوں میں 35 کی بعد از مرمت آن روڈ/ قابلِ استعمال کردیا ہے۔ 11 بکتر بند گاڑیاں ابھی زیر مرمت ہیں جنھیں جلد ہی قابلِ استعمال بنادیا جائیگا۔ سندھ پولیس کے پاس مجموعی طور پر 96 بکتر بند گاڑیوں کا فلیٹ ہے۔

مذکورہ بکتر بند گاڑیوں کے فلیٹ میں سینٹرل پولیس آفس کی 03۔ سی ٹی ڈی 03۔ کراچی رینج 36۔ ایم ٹی سندھ 11۔ لاڑکانہ 13۔ میرپورخاص 02۔ سکھر 09۔ ایس ایس یو 05۔ ٹریننگ برانچ سندھ 03۔ حیدرآباد رینج 07۔ شہید بینظیر آباد رینج کی 04 بکتر بند گاڑیاں شامل ہیں۔ آئی جی سندھ نے اوورہال کی گئیں بکتر بند گاڑیوں کی انسپکشن کی۔ آئی جی سندھ نے ڈی آئی جی ٹی اینڈ ٹی فدا حسین مستوئی اور انکی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا اور شاباش دی۔

پولیس ویہکلز بالخصوص بکتر بند گاڑیوں کی ہمہ وقت درست حالت میں موجودگی اشد ضروری ہے۔
بکتر گاڑیوں کے جرائم کیخلاف استعمال سے پولیس کارکردگی مزید بہتر ہوتی ہے۔
کچے کے علاقے میں ڈاکوؤں کے خلاف بکتر بند گاڑی کا استعمال انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ آئی جی سندھ

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔: